11 اگست 2016ء

اسٹیٹ بینک اور ایف آئی اے کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کراچی میں آج منعقدہ ایک تقریب میں اسٹیٹ بینک اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے مابین ایک مفاہمتی یادداشت طے پائی جس میں گورنر اسٹیٹ بینک اشرف محمود وتھرا اور ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے محمد عملیش نے اپنے متعلقہ اداروں کی نمائندگی کرتے ہوئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد اسٹیٹ بینک اور ایف آئی اے کے مابین جاری تعاون کو مزید فروغ دینا ہے۔ یہ اقدام قانونی امور کے حوالے سے دونوں اداروں کے مابین ہم آہنگی، اشتراک، ورکنگ ریلیشن شپ اور باہمی تعاون کی راہ ہموار کرے گا۔ اس مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں اداروں کے درمیان تعاون مزید بہتر بنانے کے لیے رابطہ کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے۔

گورنر اسٹیٹ بینک نے ایف آئی اے کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں قائم غیر قانونی منی ایکسچینج آپریٹرز کے خلاف ایف آئی اے کی جانب سے کارروائی کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر ڈی جی ایف آئی اے نے اسٹیٹ بینک کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے غیر قانونی ایکسچینج کاروبار کے سدباب کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

****